# ہندوستان میں یوروپی اقوام کی آمد

**I. درجِ ذیل خالی جگہوں میں مناسب الفاظ سے خانہ پری کرو۔**

1- 1453ء میں عثمانی ترکوں نے ـــــــــــــــــــ شہر پر قبضہ کیا۔ **(قسطنطنیہ)**

2- ہندوستان اور یوروپ کے درمیان بحری راستہ دریافت کرنے والا ـــــــــــــــــ تھا۔ **(وسکوڈی گاما)**

3- ہندوستان میں فرانسیسیوں کا دارالخلافہ ــــــــــــــــ تھا۔ **(پانڈیچیری)**

4- ایسٹ انڈیا کمپنی کو دیوانی کے حقوق ــــــــــــــــ عطا کئے - **(شاہ عالم)**

5- 1757ء میں رابرٹ کلائیو نے سراج الدولہ پر ــــــــــــــــ جنگ کیا۔ **(پلاسی کی جنگ)**

6- بنگال میں دو عملی حکومت جاری کرنے والا ــــــــــــــــ تھا۔ **(رابرٹ کلائیو)**

**II. درجِ ذیل سوالات کر گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔**

**1- عہدِ وسطیٰ میں ہندوستان اور یوروپ کے درمیان کس طرح تجارت ہوتی تھی؟**

**جواب:-** ☆ یوروپ اور ہندوستان کے مابین قدیم زمانے سے ہی تعلقات تھے۔

☆ عہدِ وسطیٰ میں ہندوستان اور یوروپ کے درمیان تجارت قسطنطنیہ شہر کے ذریعہ ہوا کرتی تھی۔

☆ ہندوستانی اشیاء کو عرب ممالک کے تاجر قسطنطنیہ شہر کو پہنچاتے تھے۔ ☆ جہاں سے اٹلی کے تاجران اشیاء کو خرید کر یوروپی ممالک کو فروخت کرتے تھے۔

**2- ہندوستان کا جدید بحری راستہ دریافت کرنے کے لئے کونسے اسباب ہیں؟ بحث کیجئے۔**

**جواب:-** ☆ 1453ء میں عثمانی ترکوں کا قسطنطنیہ پر قبضہ کرنا۔ ☆ ہندوستان کے گرم مصالحہ کی مانگ یوروپ میں زیادہ تھی۔

☆ جدید آلات جیسے قطب نما، اسطرلاب، بارود کی دریافت ہوئی۔ ☆ یوروپی حکمرانوں نے بحری سفر کے لئے ملاحوں کی حوصلہ افزائی کی۔

☆ یوروپ کے ممالک اٹلی کی تجارتی اجارہ داری کو ختم کرنا چاہتے تھے۔ ☆ ہندوستان کے دولت کے قصّے اور کہانیاں مشہور تھے۔

☆ عیسائی میشنری ہندوستان میں عیسائی مذہب کی تبلیغ کرنا چاہتے تھے۔

**3- ہندوستان کو تجارت کی غرض سے آنے والے یوروپی اقوام کی فہرست بنائیے۔**

**جواب:-** پرتگالی، ڈچ، انگریز اور فرانسیسی

**4- دوسری کرناٹک کی جنگ کی تفصیل بیان کرو۔**

**جواب:-** ☆ یہ جنگ 1749ء سے 1754ء کے درمیان ہوئی۔

☆ فرانسیسیوں نے سلابت خان کو حیدر آباد کا نظام بنایا اور اس کی حفاظت کے لئے سپہ سالار بُسی کو نامزد کیا۔

☆ فرانسیسیوں کی مدد سے چندا صاحب کرناٹک کا نواب بنا۔

☆ انگریزی افسر رابرٹ کلائیو نے کرناٹک کی راجدھانی آرکاٹ پر حملہ کر کے فرانسیسیوں اور چندا صاحب کو شکست دی۔

☆ انگریزوں نے انورالدین کے فرزند محمد علی کو نواب بنایا۔

☆ یہ جنگ معاہدہ پانڈیچیری کے تحت ختم ہوئی۔

ZULFIQAR ALI KODATI

### 5- پلاسی کی جنگ کے اسباب اور نتائج بیان کیجئے۔

**جواب:- اسباب:-** ☆دستک کا غلط استعمال— کمپنی کو تجارت کے لئے دیے گئے دستک کا انگریزوں نے غلط استعمال کیا۔

☆ انگریزوں نے نواب کے اجازت کے بغیر قلعوں کی مرمت کی۔☆ سیاہ کوٹھی المیہ۔ ☆رابرٹ کلائیو کا بنگال پر حملہ کرنا۔

**نتائج:-** ☆ یہ جنگ 1757ء میں رابرٹ کلائیو اور سراج الدولہ کے درمیان لڑی گئی۔☆اس جنگ میں سراج الدولہ مارا گیا۔

☆ میر جعفر کا بنگال کا نواب بنایا گیا۔☆میر جعفر نے انگریزوں کو 24 پرگنہ دیئے۔

☆ جنگ کے معاوضے کے طور پر میر جعفر نے کمپنی کو سترہ کروڑ ستر لاکھ روپئے ادا کئے۔

### 6- بکسر جنگ کے نتائج بیان کیجئے۔

**جواب:-** ☆ یہ جنگ 1764ء میں میر قاسم اور انگریزوں کے درمیان لڑی گئی۔ ☆اس جنگ میں میر قاسم، شاہ عالم اور شجاع الدولہ ہار گئے۔

☆ ایسٹ انڈیا کمپنی کو بنگال کے دیوانی حقوق کو شاہ عالم نے عطا کئے۔ ☆ سالانہ 26 لاکھ روپئے لیکر شاہ عالم نے بنگال پر اپنے تمام حقوق کھودئے۔

☆ جنگ کے معاوضہ کے طور پر اودھ کے نواب شجاع الدولہ نے کمپنی کو 50 لاکھ روپئے عطا کئے۔

☆ میر جعفر کی موت ہو جانے سے اسکے بیٹے کو وظیفہ دے کے مکمل انتظام کو کمپنی نے اپنے حوالے کر لیا۔

### 7- سائنسی ترقی نے بحری سفر کی راہ دکھائی۔اس کو بیان کیجئے۔

**جواب:** - ☆سائنسی ترقیات جیسے قطب نما، بارود، بحری آلات، اٹلاس، نقشے وغیرہ ملاحوں کے لئے کارآمد ثابت ہوئے۔

☆ یہ تما سائنسی آلات نے بحری ملاحوں کے مشکل سے مشکل کاموں میں آسانی مہیا کئے۔

☆ یہ آلات کامیابی کے ساتھ نئے بحری راستوں کی تلاش کرنے میں مددگار ثابت ہوئے۔

### 8- دو عملی حکومت کی صراحت کیجئے۔

**جواب:-** ☆ رابرٹ کلائیو نے اس پالیسی کو بنگال میں جاری کیا۔☆ اس پالیسی کے تحت بنگال کے نواب کو انتظامیہ اور عدلیہ کا حق عطا کیا گیا۔

☆ اور دیوانی کے حقوق (لگان وصول کرنے کے حقوق) کو انگریزوں نے اپنے پاس رکھا۔

### 9- کس طرح کرناٹک کی جنگوں نے انگریزوں کے قدم ہندوستان میں مضبوطی سے جمائے۔ تشریح کیجئے۔

**جواب:-** ☆ پہلی کرناٹک کی جنگ میں انگریزوں نے نواب انورالدین کو مہرہ کے طور پر استعمال کیا۔

☆ دوسری کرناٹک کی جنگ میں انگریزوں نے رابرٹ کلائیو کی قیادت میں انورالدین کی حمایت کی۔

☆ رابرٹ کلائیو نے ارکاٹ پر حملہ کرکے ترچناپلی کا محاصرہ کر لیا۔

☆ تیسری کرناٹک جنگ کے دوران انگریزی فوجی جنرل سر آئرکوٹ نے فرانسیسیوں کو وانڈی واش کی جنگ میں شکست دی۔

☆ انگریزوں نے جارحانہ توسیع پالیسی کو اپنایا۔اس طرح کرناٹک کی جنگوں نے انگریزوں کے قدم ہندوستان میں مضبوطی سے جمائے۔

### 10- تیسری کرناٹک جنگ کے اسباب (وجوہات) اور نتائج (اثرات) بیان کریں۔

**جواب:- اسباب:-** ☆یوروپ کی سپت سالہ جنگ۔☆فرانسیسیوں اور انگریزوں کی ہندوستان میں قبضہ جمانے کی خواہش۔

☆ کونٹ ڈی لالی نے وانڈی واش کے قلعے کو بند کرنے کی کوشش کی۔

ZULFIQAR ALI KODATI

نتائج:- ☆ وانڈی واش کی جنگ میں انگریزی افسر سر آئر کوٹ نے فرانسیسیوں کو شکست دی۔ ☆وانڈی واش کی جنگ میں بُسی کو قید کرلیا گیا۔

☆ سر آئر کوٹ نے پانڈیچیری پر حملہ کیا تو کونٹ ڈی لالی نے اپنے آپکو کس شرط کے بغیر انگریزوں کے حوالے کیا۔

☆ یہ جنگ معاہدہ پیریس کے تحت ختم ہوئی۔

**11- پہلی کرناٹک جنگ کی تفصیل بیان کرو۔**

**جواب:-** ☆ یہ جنگ 1746ء سے 1748ء کے درمیان ہوئی۔ ☆ فرانسیسی افسر لابورڈینا نے انگریزوں کی تجارتی کوٹھی مدراس پر قبضہ کرلیا۔

☆ انگریزوں نے نواب انورالدین سے مدد طلب کرکے فرانسیسیوں پر حملہ کئے مگر ناکام رہے۔

☆ لابورڈینا نے رشوت لیکر مدراس کو انگریزوں کو سونپ دیا۔ ☆یہ جنگ معاہدہ ایکس لاچاپل کے تحت ختم ہوئی۔

**12- وانڈی واش کی جنگ کس سن میں لڑی گئی؟** **جواب:-** 1760ء

**13- جنگ پلاسی کس دن مہنہ اور کس سن میں لڑی گئی؟** **جواب:-** 23 جون 1757ء

**14- جنگ بکسر کس سن میں لڑی گئی؟** **جواب:-** 1764ء

**15- بنگال میں دوہری حکومت کب قائم کی گئی؟** **جواب:-** 1765ء

**16- انگریزی ایسٹ اینڈیا کمپنی کب قائم کی گئی؟** **جواب:-** 1600ء

**17- فرینچ ایسٹ انڈیا کمپنی کو کب قائم کیا گیا؟** **جواب:-** 1664ء

**18- تاجروں کے لئے قسطنطنیہ کا راستہ زیادہ فائدہ مند نہیں تھا کیوں؟** **جواب:-** عثمانی ترک اس راستے پر زیادہ ٹیکس وصول کرتے تھے۔

**19- یوروپی حکمران سمندری سفر کی تلاش کے لئے ملاحوں کی ہمت افزائی کیوں کی؟** **جواب:-** اٹلی اجارہ داری قوت توڑنے

**20- تینوں کرناٹک جنگوں کی وجہ کیا تھی؟**

**جواب:-** حیدرآباد اور کرناٹک صوبوں میں سیاسی کمزوریوں کا فائدہ حاصل کرنے فرانسیسوں اور انگریزوں کی کوشش۔

**21- جنگ بکسر نے انگریزوں کو کن مقامات کے حقدار قرار دی؟** **جواب:-** بنگال، بہار، اُڑیسہ

**22- انگریزوں نے اپنے حکومت کے علاقوں میں کس قانون کو رائج کیا؟** **جواب:-** عوامی قانون

23- دستک سے کیا مراد ہے؟ **جواب:-** کمپنی کو بغیر لگان کے تجارت کو دیا گیا قرار نامہ

24- یوروپیوں کا باب الداخلہ کس شہر کو کہا جاتا تھا؟ **جواب:-** قسطنطنیہ

**25- درمیانی دور میں کس ملک کو ایشیائی ممالکوں پر تجارتی اجارہ داری حاصل تھی؟** **جواب:-** عرب

**26- کس ملک کو یوروپی ممالک پر اجارہ داری حاصل تھی؟** **جواب:-** اٹلی

**27- دوبارہ ہندوستان سے تجارتی رابطہ جوڑنے والا یوروپی ملک کون تھا؟** **جواب:-** پرتگال

**28- سب سے آخر میں ہندوستان ترک کرنے والا یوروپی ملک کونسا تھا؟** **جواب:-** پرتگال

**29- انگریز 1939 میں مدراس کے کس حکمران سے زمین حاصل کرکے سینٹ جارج فورٹ نامی قلعہ تعمیر کیا؟** **جواب:-** چندرگیری

**30- پہلی کرناٹک جنگ میں انگریزوں سے مدراس حاصل کرنے والا فرانسیسی فوجی افسر کون تھا؟** **جواب:-** لابورڈینا

ZULFIQAR ALI KODATI

31- ہندوستان میں انگریز ایسٹ انڈیا کمپنی کا پہلا صدر مقام کونسا تھا؟ جواب:- کلکتہ

32- ملکہ الزبیتھ نے انگریزی ایسٹ انڈیا کو ہندوستان میں کتنے سال تجارت کرنے کی منظوری دی؟ جواب:- 15 سال

33- ممبئی کو سالانہ 10 پاونڈ پر ممبئی کو کرایہ پر دینے والا حکمران/شہزادہ کون تھا؟ جواب:- چارلس دوم

34- انگریزوں کو بنگال میں کھلی تجارت کرنے کی اجازت دینے والا مغل حکمران کون تھا؟ جواب:- فارخ سیار

35- ہندوستان کے کسی علاقے پر ایک لمبے وقت تک حکومت کرنے والا یوروپی ملک کون ہے؟ جواب:- پرتگال

36- جیمس اوّل کے سفیر کے طور پر جہانگیر کے دربار میں آنے والا کون تھا؟ جواب:- سر تھامس رو

37- ڈوپلے کے درخواست پر کونسا فرانسیسی فوجی افسر ہندوستان آیا؟ جواب:- لابورڈینا

38- سیاہ کوٹھی المیہ کے موقع پر بنگال کا نواب کون تھا؟ جواب:- نواب سراج الدولہ

39- فرانسیسی کو وانڈی واش جنگ میں شکست دینے والا انگریزی افسر کون تھا؟ جواب:- سر آئر کوٹ

40- کس علاقے سے واسکوڈی گامہ نے اپنے سفر کی شرعات کی؟ جواب:- لسبن

41- ڈچ صرف گرم مصالحوں کی تجارت پر محدود رہے کیوں؟ جواب:- انگریز اور فرانسیس کے مقابلہ کی قوت نہ ہونا۔

42- فراسیسیوں کی قوت ختم کرنے والی جنگ کونسی تھی؟ جواب:- دوسری کرناٹک کی جنگ

43- گوا فتح کرکے اپنا انتظامیہ مرکز بنانے والے کون تھے؟ جواب:- پرتگال

ZULFIQAR ALI.KODATI

ZULFIQAR ALI.KODATI

ZULFIQAR ALI.KODATI